دارالعلوم کی مجلس شوریٰ کا اجلاس ــــ اور میزانیہ ۱۴۱۴ھ

دارالعلوم حقانیہ کی مجلس شوریٰ کا سالانہ اجلاس ۷ر نومبر کو بقیۃ السلف حضرت مولانا قاری محمد امین صاحب مدظلہ کی صدارت میں دارالعلوم حقانیہ کے کتب خانہ کے وسیع ہال میں منعقد ہوا جناب قاری محمد اخلاق صاحب کی تلاوت کلام پاک سے آغاز ہوا مجلس شوریٰ کی کاروائی کے آغاز ہی میں صدر پاکستان جناب وسیم سجاد بھی آچکے تھے ان کے ساتھ صوبہ سرحد کے وزیر اعلیٰ پیر صابر شاہ صاحب بھی تھے ابتدائی کاروائی میں دونوں حضرات شریک رہے، اراکین مجلس شوریٰ بھی حسب سابق بھاری تعداد میں شریک ہوئے دارالعلوم کے مہتمم حضرت مولانا سمیع الحق مدظلہ نے اپنی افتتاحی تقریر میں دارالعلوم کے سال رواں کی کارگذاری اور بجٹ کے مصارف کی تشریح اور تفصیلی طویل رپورٹ پیش کی

آپ نے فرمایا کہ دارالعلوم کے انتظامی، تعلیمی، تبلیغی، تعمیری اور اشاعتی شعبوں پر اکتیس لاکھ، باسٹھ ہزار دوسو بیالیس روپے اور اکیس پیسے خرچ ہوئے (۲۱ر ۶۲ ر ۲۴۲ - ۵۱) آمدن اور منظور شدہ مصارف کی کمی بیشی پر تفصیلی بحث کے بعد آپ نے سال رواں ۱۴۱۴ھ کے بیالیس لاکھ اٹھارہ ہزار ایک سو روپے پر مشتمل میزانیہ پیش فرمایا جسے اراکین نے آزادانہ اظہار خیال کے بعد متفقہ طور پر منظور کر لیا۔

حضرت مہتمم صاحب نے اپنی افتتاحی تقریر میں دارالعلوم کے جدید اور وسیع تعمیری منصوبوں، جدید ہاسٹلز سیمنار ہال اور ٹیوب ویل بلند سطح کی ٹینکی، جن پر بڑی تیزی سے کام جاری ہے کا اجمالی تعارف کرایا اور اس سلسلہ کی آمد مصارف کی تفصیلات سے بھی آگاہ کیا۔

میزانیہ برائے سال ۱۴۱۴ھ مطابق ۹۴-۱۹۹۳ء

مطبخ	۹،۵۰،۰۰۰	کرایہ مکانات	۲،۵۰۰
ڈاک خرچ	۹،۰۰۰	روشنی وفٹنگ	۲،۰۰۰۰
نقد امداد	۲۰،۰۰۰	اخبارات	۱۰،۰۰۰

اشاعت وطباعت	۲۰,۰۰۰—۰۰
امتحانات	۱۲,۰۰۰—۰۰
باغیچہ واراضی	۱۵,۰۰۰—۰۰
خرید کتب وجلد بندی	۴۰,۰۰۰—۰۰
ماہنامہ "الحق"	۵,۰۰,۰۰۰—۰۰
فتاوی حقانیہ	۵,۰۰۰—۰۰
لاؤڈسپیکر مرمت وغیرہ	۲,۰۰۰—۰۰
سٹیشنری	۵,۰۰۰—۰۰
تنخواہ مع الاؤنس مدرسین وعملہ	۷,۵۰,۰۰۰—۰۰
تعلیم القرآن حقانیہ ہائی سکول	۳,۰۰,۰۰۰—۰۰
سفارت وآمدورفت	۱,۵۰,۰۰۰—۰۰
واٹر پمپ	۱۰,۰۰۰—۰۰
خریداری سامان ومرمت وغیرہ	۴۵,۰۰۰—۰۰
آب رسائی	۲۰,۰۰۰—۰۰
ٹیلیفون	۶۰,۰۰۰—۰۰
بنک چارج	۵۰۰—۰۰
فیس وفاق المدارس	۵,۰۰۰—۰۰
درس ریکارڈ	۵,۰۰۰—۰۰
سوئی گیس	۶۵,۰۰۰—۰۰
ہنگامی صفائی	۳,۰۰۰—۰۰
تبلیغ مطبوعات مؤتمر المصنفین	۱۰,۰۰۰—۰۰
مسجد خطابت ومؤذن	۱۰,۰۰۰—۰۰
مرمت تعمیرات	۹۵,۰۰۰—۰۰
اخراجات اراضی طورد	۵,۰۰۰—۰۰
صابن	۲۰,۰۰۰—۰۰
لائسنس بندوق	۱۰۰—۰۰
متفرق خرچہ	۳,۰۰۰—۰۰
تجہیز وتلقین	۵,۰۰۰—۰۰
ٹیوب ویل	۲,۰۰,۰۰۰—۰۰
آڈٹ فیس	۶,۰۰۰—۰۰
خرید اراضی	۵,۶۰,۰۰۰—۰۰
میزان	۴۲,۱۸,۱۰۰—۰۰

بعض زیر تعمیر منصوبے

معمول کے اس بجٹ کے علاوہ سینیٹر مولانا سمیع الحق مہتمم دارالعلوم حقانیہ کے مہیا کردہ بعض وسائل سے سال رواں میں تعمیری منصوبوں پر ایک کروڑ اٹھاون لاکھ پچاس ہزار روپے خرچ ہوں گے جن میں پہلے مرحلہ میں ایک ہزار طلبہ کے لیے پانچ منزلہ ہاسٹل آڈیٹوریم سیمینار ہال دارالحدیث، مدرسین وعملہ کے لیے پچاس مکانات مدرسۃ البنات، ہائی سکول کی توسیع مادر [illegible] طلبہ کے لیے الگ ہاسٹل واٹر سپلائی سکیم اور واٹر ٹنکی وغیرہ شامل ہیں ان منصوبوں کے تخمینی مصارف پانچ کروڑ کے لگ بھگ ہوں گے جو اللہ کے فضل وکرم اور اہل خیر کی توجہ کے متقاضی ہیں۔